# چیئر مین جائزہ رپورٹ

میں انتہائی مسرت کے ساتھ سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ کے حصص داران کی خدمت میں یہ رپورٹ پیش کر رہا ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ 30 ستمبر 2019 کو ختم ہونے والے مالی سال کی بابت مالیاتی رپورٹ اور دیگر معلومات پیش کرنا بھی میرے لئے باعث مسرت ہے کہ ان کی روشنی میں بورڈ کی مجموعی کارکردگی اور کمپنی کے اہداف، کارپوریٹ مقاصد اور حکمت عملی پر مبنی منصوبہ بندی کی تکمیل کیلئے بورڈ کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کو جانچا جا سکے۔ یہ اہداف اور مقاصد کمپنی کے وژن اور مشن کے عین مطابق ہیں۔

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے تحت کمپنی کے بورڈ کی سالانہ کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور ہر ممبر کی کارکردگی کو اطمینان بخش پایا گیا۔ اس پوری مشق کا بنیادی مقصد یہ ہوتا ہے کہ بورڈ کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے اور دیکھا جائے کہ اپنے اہداف کے حصول میں بورڈ کی کارکردگی کس قدر موثر رہی اور آئندہ مالی سال کیلئے اس کارکردگی کو بنیاد بنا کر کمپنی کے مقاصد کے حصول کیلئے معیارات مقرر کیئے جائیں۔

بورڈ کی جانب سے کمپنیز ایکٹ 2017 اور کوڈ آف کارپوریٹ گورننس، جن کا اطلاق کمپنی پر ہوتا ہے، کے تحت اپنے فرائض منصبی سرانجام دیئے جن میں اہم پالیسیوں کی منظوری دینا، اندرونی نظم وضبط کے نظام کو مربوط کرنا، بجٹ، دیگر مالی معاملات اور اہم سرمایہ کاریوں کی منظوری دینا جیسے اہم امور شامل ہیں۔ بورڈ تمام قواعد کی مکمل پابندی کر رہا ہے اور بورڈ کی جانب سے کسی بھی مروجہ قوانین یا روایات سے روگردانی نہیں کی گئی۔ آڈٹ کمیٹی کی جانب سے مالیاتی دستاویزات کی تیاری کے طریقہ کار اور تمام شراکت داروں تک بروقت اور صحیح معلومات فراہم کرنے کو یقینی بنانے کی غرض سے مکمل رہنمائی فراہم کی گئی ہے۔

بورڈ کی جانب سے ایسی ضروری پالیسیاں مرتب کی گئی ہیں جن کی بنیاد پر اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ اپنے ملازمین، ٹھیکیداروں، فروخت کنندگان اور ایسے تمام افراد جو کہ کمپنی کی جانب سے خدمات سرانجام دے رہے ہیں سے ایسا سلوک روا رکھا جائے جو جائز اور قوانین کے عین مطابق ہو۔

بورڈ اس بات کو بھی یقینی بناتا ہے کہ بورڈ کے ایجنڈے میں شامل تمام امور پر بحث و تمحیص کیلئے بورڈ کے تمام اجلاسوں کے دوران خاطر خواہ وقت فراہم کیا جائے۔ تمام شرکاء کو بورڈ کے اجلاسوں سے قبل بروقت تحریری نوٹس، بشمول ایجنڈا، دیگر ضروری دستاویزات اور اہم کاغذات فراہم کئے جا چکے تھے۔ یہ بات بھی بورڈ کہ اہم ذمہ داریوں میں شامل ہے کہ کمپنی کی سمت اور اہم ذمہ داریوں کے سلسلے میں مناسب ہدایات جاری کرے۔ رہنمائی کی ان ذمہ داریوں میں یہ بھی شامل ہے کہ کمپنی کے کاروبار سے متعلق کسی بھی ممکنہ رسک کی نشاندہی کی جائے اور اس کے تدارک کے سلسلے میں ہدایات دی جائیں، مینجمنٹ نفارمیشن سسٹم کو مربوط کیا جائے اور تمام شراکت داروں کو شفافیت کے ساتھ معلومات فراہم کی جائیں۔

مزید برآں، اپنے تجربات کو بروئے کار لاتے ہوئے کمپنی کی خواہش ہے کہ صنعت سازی کی صلاحیتوں اور تحقیقی میدان کو تقویت فراہم کرتے ہوئے میدان عمل میں اپنی مسابقتی حیثیت میں وسعت پیدا کی جائے۔ بورڈ اور انتظامیہ کی توجہ اس جانب مبذول ہے کہ تمام شراکت داروں کیلئے ایک مربوط ضابطہ اخلاق مرتب کیا جائے اور اس ضابطہ اخلاق کو مرتب کرنے کیلئے تمام افعال میں کارکردگی کو موثر بنایا جائے، پیداواری لاگت کو کنٹرول میں رکھا جائے، مصنوعات کے مؤامتزاج میں تنوع پیدا کیا جائے اور صارفین کے ساتھ اپنے رشتوں کو مربوط کیا جائے۔

میں اپنی جانب سے اس بات کو ریکارڈ کا حصہ بنانا چاہتا ہوں کہ تمام اعلی افسران، دیگر افسران اور ملازمین کی جانب سے کمپنی کے معاملات کو خوش اسلوبی کے ساتھ چلانے کیلئے جس اخلاص، ایمانداری اور محنت شاقہ کا مظاہرہ کیا گیا ہے وہ قابل ستائش ہے اور امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی اللہ رب العزت کی رحمت کے سائے تلے تمام افراد کمپنی کی پیداواری صلاحیت میں اضافے کیلئے اسی جوش وجذبے کا مظاہرہ کرتے رہیں گے۔ اس کے علاوہ اس موقع پر میں تمام سرکاری عمال، بینکاروں اور غیر بینکاری مالیاتی اداروں، ترسیل کاروں اور حصص داران کا بھی تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ کمپنی کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ان کی حمایت اور تعاون ہمیشہ ہمارے شامل حال رہے۔

کراچی: 28 دسمبر 2019

گل محمد

چیئر مین